تبصرہ

قائدِ اعظم محمد علی جناح

مرتبین : ابوسلمان شاہجہانپوری - ڈاکٹر انصار زاہد وغیرہ
ناشر : گورنمنٹ نیشنل کالج - شہید ملت روڈ - کراچی ۵
صفحات : پانچسو سے زائد

زیرِ نظر کتاب مذکورالصدر کالج کے مجلہ علمی و تعلیمی "علم و آگہی" کا قائداعظم نمبر ہے - چونکہ یہ نمبر کسی رسالے کے خصوصی شمارے سے زیادہ ایک مستقل تصنیف کی حیثیت رکھتا ہے اسی لیے شاید مرتبین نے اسے "قائداعظم نمبر" کا عنوان دینے کی بجائے "قائداعظم محمد علی جناح" کے نام سے کتابی شکل میں پیش کیا ہے -

اب اسے نمبر کہیے یا کتاب - اس پیش کش کو آٹھ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور ان آٹھ حصوں میں بیسویں صدی کی مسلم سیاست کے بیشتر پہلو، قائداعظم کی شخصیت، سوانح کردار، خدمات، افکار، رفقا، اس عہد کی ملّی تحریکات خصوصاً تحریک پاکستان کے مختلف گوشے ضروری تفصیل کے ساتھ سامنے آتے ہیں، اس سے ہماری معلومات میں اضافہ ہوتا ہے، فکر کو بلندی ملتی ہے اور قومی مزاج و سیرت کی تعمیر کا بہترین سر و سامان مہیا ہوتا ہے -

اگر کسی کتاب یا نمبر میں متعدد اہلِ قلم نے حصہ لیا ہو تو تمام نگارشات کی علمی سطح اور زبان و بیان یکساں نہیں ہوسکتا ہے - لیکن اس نمبر میں بعض اہم موضوعات پر مضامین ہیں اور ان کا علمی پایہ بھی بلند ہے - لکھنے والوں کی اگرچہ بیشتر تعداد علمی دنیا میں معروف نہیں ہے - غالباً ان کا ناظر میدان تعارف [illegible] ہے - لیکن اپنے مضامین کے آئینے میں وہ بھی پختہ قلم اور پختہ فکر نظر